The
Electoral
Commission

# اسکاٹش کونسل کے 2022 کے انتخابات میں ووٹ ڈالنا

## اسکاٹ لینڈ کے نئے باشندوں کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات

### کیا میں 2022 کے کونسل انتخابات میں ووٹ ڈال سکتا ہوں؟

کونسل کے انتخابات جمعرات 5 مئی 2022 کو منعقد ہوں گے۔ اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں رہائش پذیر 16 سال یا بڑی عمر کے اہل غیر ملکی شہری (qualifying foreign citizen) ہیں جو ووٹ دینے کے لیے مندرج ہے تو آپ انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اہل غیر ملکی سے مراد دوسرے ملک کا وہ شہری ہوتا ہے جسے یوکے میں داخل ہونے یا ٹھہرنے کی اجازت ہوتی ہے یا ایسی اجازت کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔

اگر ووٹ دینے کے لیے اندراج کرانے سے متعلق آپ کے سوالات ہیں تو آپ اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ان کی رابطہ معلومات electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے حاصل کریں۔

### کونسلوں کا کیا کام ہوتا ہے؟

جب آپ ان انتخابات میں ووٹ ڈالیں گے تو آپ ایسے امیدواروں کو ووٹ ڈال رہے ہوں گے جو کونسلر کی نشستوں پر انتخاب لڑ رہے ہیں۔ کونسلر آپ کی مقامی کونسل میں آپ کی نمائندگی کریں گے۔ کونسلز اس بارے میں فیصلہ کرنے کی ذمہ دار ہیں کہ مقامی عوامی سروسز فراہم کرنے کے لیے رقم کیسے خرچ کی جائے۔ ان سروسز میں شامل ہیں تعلیم، سماجی نگہداشت، رہائش، تفریح کی سروسز، کوڑا کرکٹ اور ری سائیکلنگ کی اشیا اٹھانا وغیرہ۔

اسکاٹ لینڈ کی ہر کونسل 'وارڈز' نام کے چھوٹے علاقوں میں تقسیم ہوتی ہے۔ ہر وارڈ کی نمائندگی پانچ تک کونسلرز کریں گے۔

### میں ووٹ دینے کے لیے اندراج کیوں کراؤں؟

اگر آپ اپنے لیے اہم مسائل کے بارے میں آواز اٹھانا اور اپنی کونسل میں اپنی مرضی کے نمائندے کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں تو آپ کو ووٹ دینے کے لیے اندراج کروانا ہو گا۔

## میں ووٹ دینے کے لیے اندراج کیسے کراؤں؟

آپ آن لائن gov.uk/register-to-vote پر اندراج کرا سکتے ہیں۔ اس میں صرف پانچ منٹ لگیں گے اور آپ کو صرف چند تفصیلات درکار ہوں گی بشمول آپ کا نیشنل انشورنس نمبر اور تاریخ پیدائش۔ 2022 کے مقامی حکومت کے انتخاب میں ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج کرانے کی آخری تاریخ **18 اپریل 2022 کی آدھی رات ہے۔**

اگر آپ کے پاس نیشنل انشورنس نمبر نہیں ہے تو اندراج کی اپنی درخواست پر اس کے بارے میں بتائیں اور فارم جمع کرائیں۔ بعد ازاں آپ کا مقامی الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر آپ سے رابطہ کر کے آپ کو اپنی شناخت کا دستاویزی ثبوت دینے کا کہہ سکتا ہے۔

اگر آپ کو اندراج کرانے میں مدد درکار ہے تو آپ اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ان کی رابطہ معلومات electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے حاصل کریں۔

## کیا میرے لیے ووٹ دینا لازمی ہے؟

اسکاٹ لینڈ کے تمام انتخابات میں آپ کا ووٹ آپ کی ملکیت ہے۔ آپ ووٹ دینے یا نہ دینے اور اپنی پسند کے امیدوار کو ووٹ دینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ یہ غیر قانونی ہے کہ کوئی شخص آپ کو اپنی مرضی کے خلاف کسی خاص طریقے سے ووٹ دینے پر مجبور کرے۔

## میں کیسے فیصلہ کروں گا کہ کسے ووٹ دینا ہے؟

ہر کونسل وارڈ میں انتخابات میں کھڑے امیدواروں کی فہرست عام طور پر انتخاب سے چند ہفتے پہلے کونسل کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوتی ہے۔ آپ کو اس بارے میں سوچنا چاہیے کہ آپ کس کو اپنی نمائندگی کرتے دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ آپ کے خیالات کا اشتراک کر سکتا ہے یا ان مسائل کو ترجیح دے سکتا ہے جو آپ کے خیال میں اہم ہیں۔

## مجھے کہاں جا کر ووٹ دینا ہو گا؟

آپ کے گھر کے ہر ووٹ دینے کے لیے مندرج بندے کو انتخابات سے پہلے پول کارڈ موصول ہو گا۔ آپ کا پول کارڈ بتاتا ہے کہ آپ کو ووٹ کہاں دینا ہو گا۔

## جب میں ووٹ دینے جاؤں گا تو کیا ہو گا؟

پولنگ اسٹیشن پہنچنے پر عملے کا ایک رکن آپ کا نام اور پتہ پوچھنے کے بعد آپ کو بیلٹ پیپر دے گا۔ پھر آپ کو اپنا بیلٹ پیپر خفیہ طور پر پُر کرنے کے لیے اسے پولنگ بوتھ میں لے جانے کی ہدایت کی جائے گی۔

اس انتخاب کے لیے آپ نمبروں کے ذریعے ووٹ دیں گے۔ آپ کے بیلٹ پیپر میں ان تمام امیدواروں کی فہرست ہو گی جو آپ کے وارڈ میں کونسلرز کے انتخاب میں کھڑے ہیں۔ آپ کو 1، 2، 3 وغیرہ نمبرز استعمال کر کے امیدواروں کو اپنی پسند کی ترتیب میں نمبر دینے کا کہا جائے گا۔ آپ کو ہر امیدوار کو نمبر دینے کی ضرورت نہیں۔ اگر آپ سے اپنے بیلٹ پیپر پر کوئی غلطی ہو جاتی ہے تو آپ نیا مانگ سکتے ہیں۔

آپ کا بیلٹ پیپر اس طرح کا ہو گا:

[NAME OF COUNCIL] – [NAME OF WARD]

**[Number to be elected] of the candidates listed below will be elected.**
**You can make as many or as few choices as you wish.**

Put the number **1** in the voting box next to your **first** choice.
Put the number **2** in the voting box next to your **second** choice.
Put the number **3** in the voting box next to your **third** choice. **And so on.**

| | |
|---|---|
| **ANDERSON** Hans<br>57 Easter Road, Anytown<br>**Rowan Party** | |
| **CRANSTON** Helen<br>912 Main Street, Anytown<br>**Beech Party** | |
| **FLEMING** Douglas Martin<br>112 South Street, Anytown<br>**Independent** | |
| **HAMILTON** Flora<br>45 Hill Place, Anytown<br>**Willow Party** | |
| **KUMAR** Kuldip<br>3 Castle Wynd, Anytown<br>**Elm Party** | |
| **MACDONALD** Donald Alexander<br>4 Elgin Ave, Anytown<br>**Oak Party** | |
| **MACKENZIE** Robert William Sutherland<br>192 Blackhall Road, Anytown<br>**Independent** | |
| **MASTERS** Susan Caroline<br>93 Holyrood Road, Anytown<br>**Sycamore Party** | |

## کیا میرے ووٹ کو خفیہ رکھا جائے گا؟

جی ہاں۔ آپ کا ووٹ صرف آپ کی ملکیت ہے اور آپ کو کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں ہو گی کہ آپ نے کیسے ووٹ دیا ہے۔ جب آپ بیلٹ باکس میں ووٹ ڈال دیں گے یا اسے ڈاک کے ذریعے واپس بھیج چکے ہوں گے تو تمام ووٹوں کی گنتی شروع ہونے تک اسے محفوظ اور سلامت رکھا جائے گا۔ گنتی کے وقت تمام بیلٹ پیپرز کو آپس میں ملا دیا جاتا ہے تاکہ کوئی بھی شخص شناخت نہ کر سکے کہ آپ نے کیسے ووٹ دیا ہے۔

## میں کوویڈ 19 کے بارے میں پریشان ہوں، کیا خود جا کر ووٹ دینا خطرے سے خالی ہو گا؟

پولنگ اسٹیشنز ووٹ دینے کے لیے محفوظ جگہیں ہوں گی۔ پولنگ اسٹیشن پر محفوظ رہنے کے لیے صفائی ستھرائی اور فاصلہ بندی کے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔ ان اقدامات میں ہاتھ کا سینیٹائزر، فرش پر نشانات اور چہرے کے نقاب شامل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ ڈاک کے ذریعے ووٹ دینا پسند کریں گے یا چاہیں گے کہ کوئی اور آپ کی جگہ ووٹ دے تو آپ کو پہلے ووٹ دینے کے لیے اندراج کرانا ہو گا، کیونکہ اس کے بعد ہی آپ ڈاک یا کسی اور شخص کے ذریعے ووٹ دینے کی درخواست کر سکیں گے۔ ڈاک اور کسی اور شخص کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے بارے میں مزید معلومات electoralcommission.org.uk/voter سے حاصل کریں یا اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن آفس سے رابطہ کریں۔

## میں مزید معلومات کہاں دیکھ سکتا ہوں؟

آپ ووٹ دینے کے بارے میں مزید معلومات electoralcommission.org.uk//voter پر یا انتخابی کیمشن کی ہیلپ لائن 08003280280 پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔